| Time | Narration |
|---|---|
| 00:01 | Adding Functionalities using Modules پراسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. |
| 00:08 | اس ٹیوٹوریل میں ہم Modules سے واقف ہوں گے.<br>ہم Book Module اور Forum Module کے بارے میں سیکھیں گے. |
| 00:19 | اس ٹیوٹوریل کوریکارڈ کرنے کے لئے میں<br>اُبنٹو لینکس آپریٹنگ سسٹم<br>Drupal 8 اور<br>Firefox ویب براؤزر استعمال کررہا ہوں<br>آپ اپنی پسند کا کوئی بھی ویب براؤزر استعمال کرسکتے ہیں. |
| 00:35 | Modules اور themes، Drupal ویب سائٹ میں خصوصیات کو جوڑنے یا وسعت دینے کے بنیادی طریقے ہیں. |
| 00:42 | Drupal ایک مکمل content management system پیش کرتا ہے . لیکن کبھی کبھی ہمیں کچھ زیادہ کی ضرورت ہوتی ہے اور یہیں modules کام آتے ہیں. |
| 00:53 | Modules ہماری Drupal ویب سائٹ میں خصوصیات شامل کرتے ہیں۔ Drupal میں یہاں تین قسم کے modules ہیں. |
| 00:59 | یہاں Core Modules ہیں . یہ وہ modules ہیں جو ڈیفالٹ طور پر Drupal میں آتے ہیں. |
| 01:06 | انہیں آف کیا جا سکتا ہے . لیکن ftp کا استعمال کرتے ہوئے ان modules کو ہٹانے کیلئے ویب سائٹ کے core area میں کبھی نہ جائیں |
| 01:15 | انہیں دوبارہ رِانسٹال کیا جائے گا، جب بھی ہم Drupal کو اپ ڈیٹ کریں گے. |
| 01:22 | یہ Core Modules، Drupal کی بنیادی فعالیت کے لئے بنائے جاتے ہیں. |
| 01:28 | پھر، یہاں Contributed Modules ہیں . ہم نے پہلے سے ہی ایک انسٹال کیا ہے، ہم نے پہلے ہی Devel انسٹال کیا ہے. |
| 01:38 | Contributed Module وہ module ہے، جس کی کنٹرِ بیوشن یعنی اعانت کمیونٹی میں سے کوئی کرے اور یہ drupal.org پر دستیاب ہے. |

| | |
|---|---|
| آخری قسم کا Module، Custom Module ہے. | 01:49 |
| یہ وہ ہے جہاں ہمارے پاس کچھ مخصوص functionality یعنی فعالیت ہے . جن کی ہمیں اپنے پروجیکٹ میں ضرورت ہے . یہ module دستیاب نہیں ہے اور کسی نے ابھی تک اس کے بارے میں سوچا بھی نہیں | 01:52 |
| لیکن ظاہر ہے کہ، ہم اسے اپنے لئے بنا رہے ہیں یا ہمارے لئے یہ بنانے کے لئے ہم کسی اور کو کوئی رقم ادا کرتے ہیں. | 02:07 |
| یہاں Drupal کے لئے بہت سے مختلف modules دستیاب ہیں. | 02:15 |
| یہاں drupal.org پر، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں پہلے ہی 32,458 modules ہیں. | 02:20 |
| Modules بہت سے کام کرتے ہیں. | 02:30 |
| ایک module، Content type میں field جوڑ سکتا ہے . دوسرا module ہماری مکمل ویب سائٹ کے لئے مکمل Voting System جوڑ سکتا ہے. | 02:33 |
| لیکن ہم صرف ایک module کو استعمال کر سکتے ہیں جو کہ Drupal کے اُس ورژن کیلئے موافق ہے جو ہم استعمال کر رہے ہیں. | 02:45 |
| اور اس وجہ سے، ہمیں یہاں drupal.org/project/modules پر اپنے modules کو فلٹر کرنے کی ضرورت ہوگی. | 02:51 |
| جب ہم ان کو فلٹر کرتے ہیں، وہ ہمیشہ popularity کے حساب سے ترتیب پاتے ہیں. | 03:03 |
| پہلے تین یا چار پچس میں، سب سے زیادہ مقبول modules ہیں . جس کا مطلب ہے کہ، وہ بہت ہی مفید ہیں اور اکثر وہ بہت ہی مددگار ثابت ہوتے ہیں. | 03:09 |
| مختصر میں، Modules خصوصیات جوڑتا ہے اور یہاں drupal.org پر کئی modules ہیں جو کہ مفت میں دستیاب ہیں. | 03:21 |
| اپنی ویب سائٹ کو کھولیں جسے ہم نے پہلے بنایا تھا۔ Extend پر کلک کریں اور پھر نیچے سکرول کریں. | 03:30 |
| یہاں ہمارے پاس کچھ modules ہیں جو کہ ڈفالٹ طور پر Drupal میں آتے ہیں . لیکن وہ پہلے سے ہی ON نہیں ہیں. | 03:38 |
| Book module کو انیبل کریں. | 03:48 |
| نیچے تھوڑا سا سکرول کریں اور ہمیں Forum module مل جائے گا . اسے ایک بار ON کریں. | 03:53 |
| ہم ایک ہی وقت میں دو الگ الگ modules آن کر سکتے ہیں. | 04:01 |

| | |
|---|---|
| نیچے سکرول کریں اور Install پر کلک کریں. | 04:07 |
| Book module اور Forum module دو بہت ہی مختلف قسم کے modules ہیں. | 04:12 |
| لیکن وہ دونوں ایک دم نئے Content types بناتے ہیں اور Drupal میں اضافی functionality جوڑ کر اسکی توسیع کرتے ہیں. | 04:19 |
| Drupal modules بہت مختلف چیزیں کرتے ہیں، اگر چہ وہ سب کے سب modules ہیں. | 04:29 |
| *جب آپ اپنی ویب سائٹ کے لئے نئے خصوصیات جوڑنا چاہتے ہیں،<br>جہاں یہ مکمل طور پر نئی functionality ہے.<br>یا صرف ایک نیا Field type | 04:35 |
| *آپ Drupal core کو بڑھانے کے لئے module جوڑ رہے ہیں. | 04:45 |
| اب، Structure اور Content types پر کلک کریں . ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہاں دو نیے Content Types ہیں، Book page اور Forum topic | 04:50 |
| Content پر کلک کر کے Book page Content type کو چیک کریں اور پھر Add content پر کلک کریں. | 05:03 |
| Book page ہماری ویب سائٹ پر chapters، navigations اور blog کے ساتھ کتاب بناتا ہے، اسے ہم اپنے مطابق کہیں بھی لے جا سکتے ہیں. | 05:11 |
| Book page پر کلک کریں .اب Title میں Our Drupal Manual ٹائپ کریں. | 05:24 |
| Body میں ٹائپ کریں.This is the beginning of our Drupal manual | 05:30 |
| ہماری Publication settings پر ہمارے پاس نئی setting ہے. | 05:36 |
| BOOK OUTLINE پر کلک کریں اور None کو Create a new book میں تبدیل کریں . پھر Save and publish پر کلک کریں. | 05:41 |
| یہاں Add child page نامی لنک پر توجہ دیں۔ drupal.org میں Documentation پر کلک کریں. | 05:55 |
| اب جب ہم Understanding Drupal پر کلک کرتے ہیں تو، ہم Book module دیکھ سکتے ہیں. | 06:06 |
| یہاں دائیں جانب navigation ہے . یہاں پیج کے اختتام پر، کچھ اور navigation ہے، جو خود کار طریقے سے جنریٹ یعنی پیدا ہوئے ہیں. | 06:12 |

| | |
|---|---|
| 06:24 | بائیں جانب links ہے. |
| 06:29 | Drupal concept پر کلک کریں . دیکھیں کہ یہاں ہمارے پاس نیوی گیشن ہے. |
| 06:34 | اور دائیں طرف ہمارا نیوی گیشن ہمیں دکھا رہا ہے کہ آگے کیا آ رہا ہے. |
| 06:42 | ہم Book module کا استعمال کرتے ہوئے اپنے مطابق مکمل اور پیچیدہ یوزر گائیڈ یا کسی بھی قسم کی بک بنا سکتے ہیں. |
| 06:51 | اپنی ویب سائٹ پر واپس جائیں اور Add child page پر کلک کریں. |
| 06:57 | Title میں Installing Drupal ٹائپ کریں اور Body میں "This is where we explain how to install Drupal" ٹائپ کریں. |
| 07:08 | نوٹ کریں کہ یہ خودکار طریقے سے Drupal manual میں آ گیا ہے جسے ہم بنا رہے ہیں. یہ صرف اس لئے کیونکہ ہم نے Create Book page پر کلک کیا تھا. |
| 07:20 | Save and publish پر کلک کریں. |
| 07:23 | ہم دیکھ سکتے ہیں کہ نیوی گیشن ہمارے لئے خودکار طریقے سے پیدا ہو گیا ہے. |
| 07:29 | Up پر کلک کریں . یہ ہمیں main level پر لے جاتا ہے . یاد کریں میں نے پہلے ذکر کیا تھا کہ اس کے ساتھ ایک block دستیاب ہے. |
| 07:41 | Structure اور Block layout پر کلک کریں. |
| 07:45 | اور، Sidebar first میں block پر جائیں۔ Place block پر کلک کریں اور ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارے پاس Book navigation menu ہے. |
| 07:56 | Place block پر کلک کریں . پھر 'Save block' پر کلک کریں. |
| 08:01 | Save blocks پر کلک کریں اور اپنی ویب سائٹ پر جائیں . یہاں ہمارا Book navigation، Our Drupal Manual اور Installing Drupal ہے. |
| 08:14 | یہ حسبِ ضرورت collapse یعنی بند ہوگا یا اس میں اضافہ ہوگا، جب ہم نئے child pages جوڑتے ہیں. |
| 08:21 | پھر سے میں آپ کو یاد دلاتا ہوں۔ drupal.org پر جائیں، user manual یا documentation کے ذریعے براؤز کریں، جو ایسا کرنے کے لئے Book module کا استعمال کرتا ہے. |

| | |
|---|---|
| 08:35 | یہ بہت ہی متاثر کن ہے اگر یہ اس طرح کا مواد ہے جو آپ اپنی ویب سائٹ پر چاہتے ہیں . آپ titleاور body تک محدود نہیں ہیں. |
| 08:47 | Content type میں fields جوڑ سکتے ہیں جو کہ Book module میں آتے ہیں. |
| 08:53 | اگر ویب سائٹ پر اصل میں forum ہونے سے فائدہ ہوتا ہے تو پھر Forum module واقعی مددگار ہے. |
| 09:01 | Content پر کلک کریں اور پھر Add content پر کلک کریں. |
| 09:07 | Forum module اصل میں Forum topic نامی new Content type بناتا ہے. |
| 09:13 | یہ field table ہیں جس کا مطلب ہے کہ ہم صرف titleاور body تک ہی محدود نہیں ہیں. |
| 09:21 | Forum topic پر کلک کریں۔ Learning Drupal نامی forum topic درج کریں. Forums میں اسے General discussion میں رکھیں. |
| 09:35 | پھر body میں "Hi, I'm just learning Drupal. Can someone help me?" درج کریں. |
| 09:42 | Save and publish پر کلک کریں. |
| 09:45 | اب، چونکہ یہ Forum Content type میں ہے، ہم comments کے ذریعے جواب یا رائے شامل کر سکتے ہیں |
| 09:53 | اب comment جوڑتے ہیں - Sure I can help. You should just read everything at Drupalville! اور پھر Save پر کلک کریں. |
| 10:07 | چونکہ ہم super user کے طور پر لاگ ان ہیں، یہ خودبخود منظور ہو جاتے ہیں. |
| 10:14 | اگر ہم General discussion پر کلک کرتے ہیں، تو ہمارے پاس ایک general discussion ہوگا. |
| 10:21 | ایک comment کے ساتھ Learning Drupal نامی Forum topic کے ساتھ. |
| 10:25 | اب، اگر ہم comment پر کلک کرتے ہیں تو، ہم comments جوڑنا جاری رکھ سکتے ہیں . اس طریقے سے، ہم تمام قسم کے forums بنا سکتے ہیں. |
| 10:37 | Forums پر کلک کریں. |
| 10:41 | آپ یہاں نیا forum topic جوڑنے کے لئے کلک کر سکتے ہیں جو کہ general discussion میں ہوگا. لیکن administrator کے طور پر، آپ کو اس کے علاوہ مزید forums جوڑنے چاہئیں. |

| | |
|---|---|
| 10:55 | لہذا، یہ کرتے ہیں۔ Structure پر کلک کریں اور پھر Forums پر کلک کریں . یہاں ہم نئے forums اور نئے containers جوڑ سکتے ہیں. |
| 11:07 | اگر میں forum جوڑنا چاہتا ہوں، تو میں یہ کرسکتا ہوں . اور میں ان کو اپنی پسند کے مطابق ترتیب دے سکتا ہوں. |
| 11:18 | Content پر واپس آئیں پھر Add content اور پھر Forum topic پر. اب میرے پاس اسے دیگر forums میں رکھنے کا آپشن ہے. |
| 11:31 | اس طرح سے ہم اپنی Drupal ویب سائٹ پر forum کی دیکھ ریکھ اور منظم کر سکتے ہیں. |
| 11:38 | اسی کے ساتھ، ہم ٹیوٹوریل کے آخر میں آ گئے ہیں . مختصر میں... اس ٹیوٹوریل میں، ہم نے Modules کا تعارف Book Module اور Forum Module کے بارے میں سیکھا . |
| 12:05 | یہ ویڈیو 'Acquia' اور 'OSTraining' سے لیا گیا ہے اور اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ، آئی آئی ٹی بمبئی کی اور سے اسکی نظر ثانی کی گئی ہے. |
| 12:16 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے . اسے ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں. |
| 12:25 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم ورکشاپ چلاتی ہے اور اسناد دیتی ہے . مزید معلومات کے لئے ہم سے رابطہ کریں. |
| 12:35 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت NMEICT انسانی وسائل و ترقی کی وزارت اور NVLI، وزارتِ ثقافت، بھارتی حکومت نے کی ہے. |
| 12:49 | اس سکرپٹ کا ترجمہ اور صدا بندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ |